بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ﴾

مرکزی میڈیا آفس

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

ہفتہ، 01 رجب 1442ھ | 2021/02/13م | نمبر : 1442 AH/022

## پریس ریلیز

# حزب التحریر کے مرکزی میڈیا آفس نے ایک مہم کا آغاز اس عنوان سے کیا ہے:

# "خلافت کے خاتمے کی ایک صدی مکمل ہونے پر۔۔۔اے مسلمانو، اسے قائم کرو!"

ایک بار پھر رجب الخیر کا مہینہ ہمارے سامنے ہے۔ یہ مہینہ ہمیں خلافت کے خاتمے کے عظیم سانحے کی یاد دلاتا ہے جو ابھی تک جاری و ساری ہے۔اب تک مسلمان رسول اللہ ﷺ کی ریاست کو بحال نہیں کر سکے جو آپ ﷺ ہمارے لیے چھوڑ گئے تھے۔ مجرم کمال اتاترک نے ۱۳۴۲ ہجری، بمطابق ۱۹۲۴ عیسوی، کو عثمانی خلافت کو تباہ کر دیا، اور اُس وقت سے اسلامی امّت ہر جانب سے سانحات و حادثات میں گھری ہوئی ہے۔

اس سال خلافت کے خاتمے و تباہی کا سواں سال ہے، ایک پوری صدی ہجری بیت گئی ہے جس میں اسلامی امت کو شاندار اسلامی شریعت کی حکمرانی کے زیر سایہ زندگی گزارنے سے محروم ہے۔یقیناً جو بھی ان دس دہائیوں کا جائزہ لے گا وہ باآسانی اُن لا متناہی تکالیف و مسائل کو دیکھ سکتا ہے جس کا اسلامی امت اس عرصے میں شکار رہی ہے؛ نہ ختم ہونے والی مشکلات اور ایک کے بعد ایک سانحات اِس طرح سے اِس امت پر حملہ آور ہوئے جس کا اس امت نے اس سے پہلے کبھی مشاہدہ نہیں کیا تھا۔

لہٰذا، مشہور عالم، امیر حزب التحریر، عطا بن خلیل ابو الرشتہ، اللہ ان کی حفاظت فرمائے، کی رہنمائی میں حزب التحریر کے مرکزی میڈیا آفس نے دنیا بھر میں موجود حزب التحریر کے اراکین کی مدد سے ایک عالمی مہم شروع کی ہے جس کے تحت اسلامی امّت کے بیٹے اور بیٹیوں کو متحرک کیا جائے گا کہ وہ نبوت کے نقش قدم پر خلافت کے قیام کے لیے حزب التحریر کی جدوجہد کا حصہ بن جائیں۔

اسی طرح اس مہم کے ذریعے حزب التحریر اسلامی امت میں اثر ورسوخ اور طاقت رکھنے والے افراد کو خصوصی طور پر متحرک کرنے کی کوشش کر رہی ہے، انہیں ان کا فرض یاد کرا رہی ہے، اور انہیں نصرۃ فراہم کرنے کے لیے پکار رہی ہے، تاکہ نبوت کے نقش قدم پر خلافت کے قیام کے ذریعے وہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے دین کی سربلندی کی جدوجہد میں حزب التحریر کا ساتھ دیں۔

حزب التحریر کا مرکزی میڈیا آفس میڈیا کو اور خصوصاً میڈیا پروفیشنلز اور میڈیا اداروں میں موجود مسلمانوں کو دعوت دیتا ہے کہ وہ خیر کے حمایتی بنیں اور اس مہم کے سلسلے میں ہونے والی سرگرمیوں کی خبریں نشر اور شائع کریں تاکہ خلافت کے قیام کی جدوجہد کے کارِ خیر میں وہ بھی اپنا حصہ ڈال سکیں اور اجر حاصل کریں جس کے قیام کی اسلامی امت مطالبہ کر رہی ہے۔

اسی مناسبت سے، ہم اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے نام اور اس کے فضل و کرم سے، اس مہم کا آغاز کرتے ہیں: "خلافت کے خاتمے کی ایک صدی مکمل ہونے پر۔۔۔اے مسلمانو، اسے قائم کرو!"، اور اللہ سبحانہ و تعالیٰ پر توکل کرتے ہیں کہ وہ اپنے دین کے قیام کے لیے ہماری مدد فرمائے اور اپنی امت کو سربلند کرے۔

#أقيموا_الخلافة

#ReturnTheKhilafah

#YenidenHilafet

#خلافت_کو_قائم_کرو

انجینئر صلاح الدین عضاضہ

ڈائریکٹر مرکزی میڈیا آفس حزب التحریر

حزب التحریر آفیشل ویب پیج : http://www.hizb-ut-tahrir.org
ٹیلی فون/فیکس : ٠٠٩٦١١٣٠٧٥٩٤
موبائل فون: ٠٠٩٦١٧١٧٢٤٠٤٣
ویب پیج آفس حزب التحریر میڈیا : http://www.hizb-ut-tahrir.info
ای میل: media@hizb-ut-ahrir.info